www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



اور باطل کی سب سے قدیم آویزش گاہ کا نظارہ، دیارِ حبیب کے بصیرت افروز مناظر، خانۂ خدا کی روح پرور زیارت، عالمِ اسلام کے نمائندہ وفود اور زائرین سے ملاقاتیں، لبیک وسعدیک کی وجد آور صدائیں، کفن نما لباس یک رنگ، شمع حق کے پروانوں کے طواف اور تڑپ ایسے کیف آور نظارے اور حق کے دیوانوں اور شیدائیوں کے عظیم اور محیر العقول اجتماع کے مشاہدے، کبھی ایک ساتھ مشاہدہ میں آجاتے ہیں۔ مندرجہ بالا کتاب میں مسنون حج کے سلسلے کے ان تمام مکارم کی تفصیل ہے۔ انداز اور اسلوب بیان سادہ عام فہم ہے، کتاب کی ثقاہت کے لیے توفیق کے اسمائے گرامی کافی ضمانت ہیں۔ حج کو جانے والوں کے لیے اس کا مطالعہ بصیرت افروز ہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(۵)

| | |
|---|---|
| احادیث الجمعہ | حسن البناء شہیدؒ |
| ترجمہ | مولانا محمد حنیف ایم اے |
| صفحات | ۲۲۴ |
| قیمت | ۶/۲۵ روپے |
| پتہ | مکتبہ چراغ اسلام، کھیالی گیٹ، گوجرانوالہ |

حضرت حسن البناء رحمۃ اللہ علیہ (ف ۱۹۴۹ء) مصر کی عظیم اسلامی تحریک "اخوان المسلمین" کے امام اور عظیم رہنما تھے جنھوں نے اقامتِ دین کے لیے اپنی پوری زندگی کھپا دی اور سرفروشوں کی ایک ایسی جماعت پیدا کر دی جو اسلام دشمن طاقتوں کے مٹائے نہ مٹ سکی اور اس کا ہر فرد اپنے پیشرو کی طرح جابروں کے سامنے چٹان بن کر کھڑے ہو گیا، سر کٹ گیا لیکن ان کے سامنے جھک نہ سکے۔

مندرجہ بالا کتاب حضرت حسن البناء شہید رحمۃ اللہ علیہ کے مقالات "احادیث الجمعہ" کا رواں اور سلیس ترجمہ ہے جو ہمارے عزیز اور فاضل مولانا محمد حنیف، ایم اے (خلف الرشید حضرت مولانا محمد چراغ مدظلہ) نے کیا ہے۔ موصوف اس سے پہلے بھی اس سلسلے کے دو رسالوں کا ترجمہ کر چکے ہیں، یوں محسوس ہوتا ہے کہ موصوف اس موضوع سے خصوصی شغف رکھتے ہیں اور ان کو تخصص کا درجہ حاصل ہے۔ اس مقالے کے عنوان یہ ہیں۔

جمعہ کے دن، مکلّفوں کے نام، انسان کیا ہے، دوراہے پر، انسانی علم کی حدود، وقت کی زندگی، معراج، مدرستے، ایک قدم، انسانیت، ریکارڈ۔ بہرحال کتاب کا مطالعہ نہایت



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ